السلام علیک یا محمد الباقر



# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۱

إِنَّمَا يُدَاقُّ اللَّهُ الْعِبَادَ فِي الْحِسَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى قَدْرِ مَا آتَاهُمْ مِنَ الْعُقُولِ فِي الدُّنْيَا۔

## عقل کے مطابق حساب وکتاب

خداوند عالم قیامت کے دن
بندوں کے حساب وکتاب میں اتنی ہی
دِقّت سے کام لے گا جتنی دنیا میں انہیں عقل عطا کی ہے۔

(الکافی، جلد ا، صفحہ ۱۱)

السلام علیک یا محمد الباقر




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲

اِصْبِرُوا عَلَى أَدَاءِ الْفَرَائِضِ
وَصَابِرُوا عَدُوَّكُمْ، وَرَابِطُوا إِمَامَكُمُ الْمُنْتَظَرَ۔

## منتظرین کی ذمہ داریاں

فرائض کی ادائیگی پر صبر کرو دشمنوں سے مقابلے کی مشکلات پر صبر سے کام لو اپنے زمانے کے امام منتظر سے رابطہ رکھو۔

(الغیبۃ (للنعمانی)، جلد ۱، صفحہ ۱۹۹)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی آئی ایس او پاکستان




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳

خُذُوا الكَلِمَةَ الطَّيبَةَ مِمَّن قالَها وإن لَم يعمَل بِها

## اچھی بات جہاں سے بھی ملے لے لو

اچھی باتیں جس کی زبان سے بھی ادا ہوں لے لو چاہے اُن کا کہنے والا خود ان پر عمل نہ کرتا ہو۔

(تحف العقول ص 291)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA



# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۴

ما عَرَفَ اَللهَ مَن عَصاهُ

## بے معرفتی

نافرمانی کرنے والا

خدا کی معرفت نہیں رکھتا۔

(تحف العقول ص 294)

السلام علیک یا محمد الباقر




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۵

لافَضیلَةَ کالجِهادِ، ولا جِهادَ کمُجاهَدَةِ الهَوی

## جہاد بالنفس

**جہاد جیسی کوئی فضیلت نہیں**

**جہاد نفس جیسا کوئی جہاد نہیں۔**

(تحف العقول ص 286)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

السلام علیک یا محمد الباقر




## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ٦

مَنْ تَرَكَ الْجَمَاعَةَ رَغْبَةً عَنْهَا
وَعَنْ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِينَ مِنْ غَيْرِ عِلَّةٍ فَلَا صَلَاةَ لَهُ۔

### ترک جماعت

جو شخص بلا وجہ صرف نماز جماعت اور مسلمانوں کے اجتماع سے بے رُخی کی بنا پر نماز جماعت ترک کرے اس کی نماز نہیں ہوتی۔

(الأمالی (للصدوق)، جلد ۱، صفحہ ۴۸۵)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۷




قُولُوا لِلنَّاسِ أَحْسَنَ مَا تُحِبُّونَ أَنْ يُقَالَ لَكُمْ

## جیسا سننا چاہتے ہو اس سے اچھا بولو

جس طرح کی اچھی باتیں اپنے بارے میں سننا چاہتے ہو اس سے بہتر دوسروں کے بارے میں اپنی زبان سے ادا کرو۔

(الآمالی (للصدوق)، جلد ۱، صفحہ ۲۵۴)

السلام علیک یا محمد الباقر




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۸

لَا يَسْلَمُ أَحَدٌ مِنَ الذُّنُوبِ حَتَّى يَخْزُنَ لِسَانَهُ.

## زبان پر کنٹرول گناہوں سے حفاظت کا ذریعہ

**کوئی بھی گناہوں سے نہیں بچ سکتا جب تک زبان کو کنٹرول نہ کرلے۔**

(تحف العقول، جلد۱، صفحہ ۲۹۸)

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۹




ان اعجل الطاعة ثوابا لصلة الرحم۔

## ثواب کا سب تیز ذریعہ

ثواب دلانے کا سب سے تیز ذریعہ قرابت داروں کے ساتھ رابطہ رکھنا ہے۔

(تحف العقول، ص 334)

## السلام علیک یا محمد الباقر




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۱۰

إنَّ لِكُلِّ شَيءٍ قُفْلاً و قُفلُ الإيمانِ الرِّفقُ

## ایمان کا تالا

ہر چیز کی حفاظت کے لیے کوئی نہ کوئی تالا ہوتا ہے ایمان کی حفاظت کے لیے تالا، رحمدلی ہے۔

(الکافی ج2 ص118)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# السلام علیک یا محمد الباقر

## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۱۱




مَنْ كَفَّ غَضَبَهُ عَنِ النَّاسِ

كَفَّ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَىٰ عَنْهُ عَذَابَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

### عذاب روکنے کا ذریعہ

جو لوگوں کے مقابلے میں اپنے غصہ پر کنٹرول کرتا ہے

خداوند عالم قیامت میں عذاب کو اس سے روک دے گا۔

(الکافی ج 2 ص 305)

السلام علیک یا محمد الباقر

## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۱۲




إنّ اللہ عزّوجلّ یُحِبُّ المُداعِبَ فی الجَماعةِ بلا رَفَثٍ

### مذاق کی حد

# بُری باتیں کہے بغیر

# لوگوں سے ہنسی مذاق کو اللہ پسند کرتا ہے۔

(الکافی، ج2، ص663)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۱۳




إِعْرِفِ ٱلْمَوَدَّةَ فِي قَلْبِ أَخِيكَ بِمَا لَهُ فِي قَلْبِكَ

## اپنے سے محبت پرکھنے کا معیار

اگر دوست کے دل میں اپنی محبت کا اندازہ لگانا چاہتے ہو تو اپنے دل میں اسکی محبت دیکھ لو۔

(جتنی تمھیں اس سے محبت ہوگی اتنی ہی اسکو تم سے محبت ہوگی۔)

(تحف العقول، ص 304)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۱۴




مَا شِيبَ شَيْءٌ بِشَيْءٍ أَحْسَنَ مِنْ حِلْمٍ بِعِلْمٍ

## بجا ترین ملاوٹ

کسی چیز کو کسی چیز سے اِس طرح نہیں ملایا گیا

جس طرح حلم و بردباری کو علم سے ملایا گیا۔

(تحف العقول، جلد ۱، صفحہ ۲۹۲)

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۱۵)



اَوشَكُ دَعوَةً وَاَسرَعُ اِجابَةً دُعاءُ المَرءِ لِاَخيهِ بِظَهرِ الغَيبِ

## کسی کے لیے دعا

سب سے جلد وہ دعا قبول ہوتی ہے
جو دینی بھائی کی عدم موجودگی میں اس کے لیے کی جائے۔

(الکافی، ج2، ص507)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# السلام علیک یا محمد الباقر



## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (١٦)

مَا حَسَنَةُ الدُّنيا إلّا صِلَةُ الإخوانِ وَالمَعارِفِ

### نیکی

دنیا کی خوبی بھائیوں اور جان پہچان والوں سے تعلق کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

(بحار الأنوار، ج 46، ص 291)

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ١٧




مَن قُسِمَ لَهُ الرِّفقُ قُسِمَ لَهُ الإيمانُ۔

## رحمدل باایمان ہوتا ہے

جسے رحمدلی عطا ہوگئی ہو

اُسے ایمان کی دولت بھی مل جاتی ہے۔

(وسائل الشیعہ ج 11 ص 213)

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۱۸)

رَحِمَ اللّٰہُ عَبداً أحیا العِلمَ ۔ قالَ: قلتُ:
وما إحیاؤہُ؟ قالَ: أن یُذاکِرَ بِہِ أھلَ الدِّینِ وأھلَ الوَرَعِ

## احیاءِ علم کیا ہے؟

خدا رحمت نازل کرے اُس بندے پر جو علم کو زندہ کرتا ہے،
راوی کہتا ہے کہ میں نے دریافت کیا علم کو زندہ کرنے کا کیا مطلب ہے؟
آپ نے فرمایا دینداروں اور صاحبان ورع سے علمی گفتگو کرنا۔

(الکافی: جلد 1۔ ص 41)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۱۹)



إِنَّ اللّٰهَ يبغِضُ الفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ۔

## فحش گوئی

خداوند عالم

فحش بکواس کرنے والے کو دشمن سمجھتا ہے۔

(الکافی: جلد ۲ ص ۳۲۴)

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ الْبَاقِر

## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۲۰)



مِن أحَبِّ عِبادِ اللهِ إلَى اللهِ المُحسِنُ التَّوّابُ۔

### خدا کا محبوب بندہ

اللہ کو سب سے زیادہ وہ بندہ پسند ہے

جو نیکیاں بجالانے والا اور بہت زیادہ توبہ کرنے والا ہو۔

(وسائل الشیعہ ج16 ص76)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۲۰)



مِن أحَبِّ عِبادِ اللهِ إلَى اللهِ المُحسِنُ التَّوّابُ۔

## خدا کا محبوب بندہ

اللہ کو سب سے زیادہ وہ بندہ پسند ہے

جو نیکیاں بجا لانے والا اور بہت زیادہ توبہ کرنے والا ہو۔

(وسائل الشیعہ ج16 ص76)

## السلام علیک یا محمد الباقر




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۲۱)

اِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ یقی بِالتَّقوی عَنِ العَبدِ

ما عَزُبَ عَنهُ عَقلُهُ وَ یجَلّی بِالتَّقوی عَنهُ عَماهُ وَجَهلَهُ۔

## تقویٰ کا فائدہ

خداوند عالم تقویٰ کے ذریعہ بندے کی حفاظت فرماتا ہے اور جہاں تک اس کی عقل نہیں پہنچتی اُس منزل کی جہالت اور نادانی سے محفوظ رکھتا ہے۔

(الکافی، ج8، ص52)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲۲




## ايّما مؤمن حافظ على الصلوات المفروضة فصلاها لوقتها فليس هذا من الغافلين

### اوّل وقت نماز کا فائدہ

جو مومن اپنی واجب نمازوں کی پابندی کرتے ہوئے اُنہیں وقت پر ادا کرتا ہے وہ غافل لوگوں میں شمار نہیں ہوتا۔

(وسائل الشیعہ، ج3، ص79)




## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲۳

الظُلمُ فِي الدُّنيا هُوَ الظُلُماتُ فِي الآخِرَه۔

### ظلم وستم کے نتائج

**دنیا میں ظلم وستم کا نتیجہ**

**آخرت کی تاریکیوں کی صورت میں بھگتنا ہوگا۔**

(وسائل الشیعہ۔ج 11ص 340)

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲۴




## اَلحِلمُ لِباسُ العالِمِ فَلا تَعرَینَّ مِنهُ

### بُردباری کا لباس

**بُردباری عالم کا لباس ہے،**
**لہٰذا اپنے کو اس سے برہنہ نہ کرو۔**

(الکافی، ج 8، ص 55)

السلام علیک یا محمد الباقر




## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۲۵)

مَا مِن قَطرَةٍ احَبَّ الی اللهِ عَزَّ وَجَلَّ مِن قَطرَةِ
دُمُوعٍ فی سَوَادِ اللَّیلِ مَخَافَةً مِنَ اللهِ لا یرِیدُ بِهَا غَیرهُ

### خوفِ خدا میں آنسوؤں کی قیمت

خداوند عالم کے خوف سے رات کی تاریکی میں آنکھوں سے گرنے والے آنسو کے اس قطرہ سے زیادہ پسندیدہ اور کچھ نہیں ہے جس میں کسی اور کی خوشنودی کا جذبہ نہ ہو۔

(وسائل الشیعہ الاسلامیہ۔ج 8 ص 524)

السلام علیک یا محمد الباقر




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲۶

إِنَّ اللَّهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفقَ،

وَيُعْطِي على الرِّفق ما لا يُعطي عَلى العُنفِ

## خدا رحم دلی کو پسند کرتا ہے

خداوند عالم مہربان ہے اور مہربانی کو پسند کرتا ہے اور مہربانی کرنے پر وہ سب کچھ عطا کرتا ہے جو سختی کرنے پر عطا نہیں کرتا۔

(وسائل الشیعہ الاسلامیہ، ج11 ص212)

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲۷



مَا أَحسَنَ الحَسَنَاتِ بَعدَ السَّيئاتِ
وَ مَا أَقبَحَ السَّيئاتِ بَعدَ الحَسَنَاتِ

## نیکیاں اور برائیاں

برائیوں کے بعد نیکیاں کتنی اچھی ہوتی ہیں اور نیکیوں کے بعد برائیاں کتنی بری شمار ہوتی ہیں۔

(الکافی ج2 ص458)

@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲۸

قالَ الأمامُ الباقر (ع): إنّ الْمُؤْمِنَ أخُ الْمُؤمِنِ لا يَشْتِمُهُ، وَلا يُحَرِّمُهُ، وَلا يُسيىءُ بِهِ الظّنّ

## اخوت مومن

مومن، مومن کا بھائی ہے اُسے برا بھلا نہیں کہتا اسے محروم نہیں رکھتا اور اس سے بدگمانی نہیں کرتا۔

(تحف العقول: ص 221)

السلام علیک یا محمد الباقر




## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۲۹

# الکبرُ مَطایا النَّارِ۔

### غرور جہنم کی سواری ہے

غرور و تکبر وہ سواری ہے جو
اپنے سوار کو جہنم تک پہونچا دیتی ہے۔

(وسائل الشیعہ الاسلامیہ۔ج 11 ص 301)

السلام علیک یا محمد الباقر




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۳۰)

قال (ع): قال رسول الله (ص)

## إِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الحَیِیَّ الحَلیمَ العَفیفَ المُتَعَفِّفَ

### خدا کے محبوب

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**بیشک خداوند عالم صاحبان حیا، بُردبار، پاکدامن اور حرام سے محفوظ رہنے والے افراد کو پسند کرتا ہے۔**

(وسائل الشیعہ ال اِسلامیہ۔ ج 11 ص 211)


YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 f @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

السَّلامُ عَلَیکَ یا مُحَمَّدُ البَاقِر

## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام (۳۱)




# تَزَیِّن لِلّٰہِ بِالصِّدقِ فِي الاعمالِ

### خداوند عالم کے لیے زینت

# اپنے اعمال میں صداقت کے ذریعے اپنے آپ کو خدا کے لیے مزیّن کریں۔

(تحف العقول، ص285)

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳۲




اِستَشِر فی أمرِك الَّذینَ یخشَونَ اللّٰہَ

## مشورہ کس سے کیا جائے؟

**اپنے کاموں میں اُن لوگوں سے مشورہ کرو جو خدا سے ڈرتے ہوں۔**

(تحف العقول، ص 293)

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳۳




الصَّبرُ صَبرانِ: صَبرٌ عَلی البَلاءِ حَسَنٌ جَمیلٌ وَ أفضَلُ الصَّبرَین الوَرَعُ عَن المَحارِم

## افضل صبر

صبر دو طرح کا ہوتا ہے بلاؤں پر صبر جو اچھا اور پسندیدہ ہے لیکن سب سے افضل صبر حرام چیزوں سے پرہیز ہے۔

(وسائل الشیعہ ج 15 ص 237)

السلام علیک یا محمد الباقر

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳۴




مَا مِن عِبَادَةٍ أفضَلَ عِندَ اللهِ مِن عِفَّةِ بَطنٍ وَ فَرج

## بہترین عبادت

خدا کے نزدیک پیٹ اور شرم گاہ کی حفاظت سے بڑی کوئی عبادت نہیں ہے۔

(الکافی، ج2،ص630)

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳۵



لِكُلِّ شَيْءٍ رَبِيعٌ، وَرَبِيعُ الْقُرآنِ شَهرُ رَمَضَانَ

## بہارِ قرآن

ہر چیز کی بہار ہوتی ہے

قرآن مجید کی بہار ماہ رمضان المبارک ہے۔

(وسائل الشیعہ ج15 ص250)

# السلام علیک یا محمد الباقر




## چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳۶

فَانزِل نَفسَكَ مِنَ الدُّنیا كَمَثَلِ
مَنزِلٍ نَزَلتَهُ ساعَةً ثُمَّ ارتَحَلتَ عَنهُ

### دنیاوی زندگی

اپنے کو دنیا میں ایسے رکھیں جیسے کسی جگہ ایک گھنٹے کے لیے رکے ہوں اور پھر آگے چلنا ہو۔

(تحف العقول ص 295،296)

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳۷

هَلْ يَعْطِفُ الْغَنِيُّ عَلَى الْفَقِيرِ،
وَيَتَجاوَزُ الْمُحْسِنُ عَنِ الْمُسيءِ وَيَتَواسُونَ؟
قُلْتُ: لا، قالَ(ع):
لَيْسَ هؤُلاءِ الشّيعَةَ، الشّيعَةُ مَنْ يَفْعَلُ هذا

## صفات شیعہ

جب آپ کے ایک صحابی نے کہا کہ ہمارے علاقے میں آپ کے ماننے والے بہت ہیں تو آپ نے پوچھا؟ کیا امیر غریبوں پر رحم کرتے ہیں اور کیا احسان کرنے والے خطا کاروں سے درگزر کر کے انہیں تسلی دیتے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں، تو آپ نے فرمایا: یہ شیعہ نہیں ہیں، شیعہ وہ ہیں جو ایسا کرتے ہیں۔ (قضاء حقوق المؤمنین، ص 21، ح 22)




# چہل حدیث امام محمد باقر علیہ السلام ۳۸

كُلُ عَيْنٍ باكِيَةٌ يَوْمَ الْقِيامَةِ إِلاّ ثَلاثَ عُيُونٍ:
عَيْنٌ سَهَرَتْ فِي سَبيلِ اللهِ، وَ عَيْنٌ فاضَتْ مِنْ
خَشْيَةِ اللهِ۔ وَ عَيْنٌ غَضَّتْ عَنْ مَحارِمِ اللهِ

## قیامت کے دن نہ رونے والی آنکھ

قیامت کے دن ہر آنکھ روئے گی سوائے تین آنکھوں کے: وہ آنکھ جو خدا کے لیے جاگی ہو اور وہ آنکھ جو خوف خدا سے روئی ہو۔ اور وہ آنکھ جس نے خدا کی حرام کردہ چیزوں سے آنکھیں چرائیں۔

(معدن الجواہر وریاضۃ الخواطر ص 34)

@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034